© rasailojaraid.com

# جامعہ لاہور الاسلامیہ کے طلبہ کا اِعزاز

قارئین کے علم میں ہے کہ جامعہ ہذا کے چار مثالی طلبہ کو تعلیمی سال ۲۰۰۸ء میں عمرہ کے چار انعامات دیے گئے تھے، اور ان طلبہ کے مدینہ منورہ یونیورسٹی میں داخلہ کے لئے بھی بھرپور کوششیں کی گئی تھیں۔ اللہ کی خاص مہربانی سے اگست ۲۰۰۹ء میں ان طلبہ کو مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل ہوگیا اور چاروں طلبہ کو براہِ راست کلیہ کلاسز (۱۳ویں سال) میں داخلہ دیا گیا۔

جنوری ۲۰۱۰ء میں ان طلبہ کا پہلا سمسٹر مکمل ہوا اور اس سمسٹر کے امتحانات میں جامعہ لاہور الاسلامیہ سے مثالی طلبہ کا اعزاز پانے والوں نے مدینہ یونیورسٹی میں بھی اپنی تعلیمی برتری برقرار رکھتے ہوئے حیران کن نمبرز حاصل کیے جس کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

| نام | شعبہ | سال | کل نمبر | حاصل کردہ |
|---|---|---|---|---|
| حافظ عبدالمنان | كلية الشريعة | سال اوّل | ۸۰۰ | ۷۹۶ نمبر |
| حافظ محمد زبیر | كلية الشريعة | سال اوّل | ۸۰۰ | ۷۹۴ نمبر |
| حافظ احسان الٰہی ظہیر | كلية الحديث | سالِ اوّل | ۸۰۰ | ۷۸۷ نمبر |
| حافظ عبدالباسط | كلية الحديث | سالِ اوّل | ۸۰۰ | ۷۸۶ نمبر |

جبکہ حافظ احسان الٰہی ظہیر نے پہلے سمسٹر میں ہونے والے عربی تقریری مقابلے میں امتیازی پوزیشن حاصل کرکے ۳ ہزار ریال کا انعام حاصل کیا۔ جامعہ کے ان ہونہار طلبہ نے بڑی مسرت سے جامعہ کے مدیر التعلیم ڈاکٹر حافظ حسن مدنی اور اَساتذہ کرام کو اپنی ان کامیابیوں کی اطلاع پہنچائی اور جامعہ کی ترقی کے لئے ڈھیروں دعائیں کیں۔

جامعہ لاہور الاسلامیہ کے مدینہ یونیورسٹی میں زیر تعلیم تمام طلبہ نے ممتاز یعنی A گریڈ میں کامیابی حاصل کی، جبکہ صرف ایک طالب علم بنیامین نجم کے نمبر 'جید جدا' رہے۔ جامعہ ہذا کی انتظامیہ اور اساتذہ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان طلبہ کو مزید کامیابیوں سے ہم کنار فرمائے اور اُنہیں وراثتِ نبوی کا حق ادا کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین

**انتظامیہ و اَساتذہ جامعة لاهور الإسلامية**



© rasailojaraid.com